تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

November 06,2024

پریس ریلیز

ڈی۔ای۔ایس جامعہ ملیہ اسلامیہ میں 'نیشنل ایجوکیشن پالیسی۔دو ہزار بیس:اے ٹرانفارمیٹیو پالیسی فار ہائر ایجوکیشن' کے موضوع پر توسیع خطبے کا انعقاد

شعبہ تعلیمی مطالعات (ڈی ای ایس) فیکلٹی آف ایجوکیشن، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے 'نیشنل ایجوکیشن پالیسی دو ہزار بیس: اے ٹرانسفارمیٹو پالیسی فار ہائر ایجوکیشن' کے موضوع پر ایک توسیعی خطبے کا اہتمام کیا۔گرو گو بند سنگھ اندر پرستھا یونیورسٹی (جی جی ایس آئی پی یو) کی ممتاز علمی ہستی ڈاکٹر انجلی شوکین پروگرام کی کلیدی مقرر تھیں۔ایم۔ایڈ، ایم۔اے (ایجوکیشنل پلاننگ اینڈ ایڈمنسٹریشن) ایم۔اے (ارلی چائلڈ ڈولپمنٹ) پی جی ڈی ای ایم طلبا اور شعبہ کے رسرچ اسکالر خطبے میں جوش وخروش کے ساتھ شامل ہوئے۔

ڈی ای ایس میں توسیعی خطبے کی انچارج پروفیسر ہر جیت کور بھاٹیا نے ایجوکیشن پالیسی میں ان کی مہارت اور گراں قدر خدمات کو اجاگر کرتے ہوئے ان کا پرخلوص استقبال کیا۔صدر شعبہ پروفیسر کوشل کشور نے سامعین اور مقرر کا خیر مقدم کیا۔

ڈاکٹر شوکین نے تعلیم کے میدان میں دنیا میں ہندوستان کی 'وشو گرو' والی امیج کو دوبارہ بحال کرنے کے سلسلے میں قومی تعلیمی پالیسی دو ہزار بیس کے امکانی پہلو پر زور دیا۔انھوں نے کہا کہ یہ اعلی اور مہم جویانہ مقصد قابل رسائی، منصفانہ، اعلی معیار اور ملک کے ہر طالب علم کے لیے تعلیم کو سستا کر کے ہی حاصل کیا جا سکتا ہے۔

ڈاکٹر شوکین نے جامع، لچک دار اور تعلیم کے تئیں بین علوی اپروچ جس کا مقصد پری اسکول سے سیکنڈری اسکول کی سطح تک سال دو ہزار تیس تک مجموعی اندارج تناسب کو سو فیصد تک لے جانے سمیت این ای پی دو ہزار چوبیس کے اہم اغراض ومقاصد کا احاطہ کیا۔انھوں نے ستمبر دو ہزار بائیس میں جاری کی گئی پی ایم شری اسکیم کی بات کی جو ملک بھر میں چودہ ہزار پانچ سو سے زیادہ اسکول کو ڈولپ اور بہتر کر کے جامع اور پر لطف ماحول میں اعلی معیاری تعلیم فراہم کرنا چاہتی ہے۔

لیکچر کنو یز پروفیسر ہر جیت کور بھاٹیا کے اظہار تشکر کے ساتھ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔اپنے امتنان کا اظہار کرتے ہوئے پروفیسر بھاٹیا نے کہا 'ڈاکٹر شوکین کی بصیرت اور ان کے گہرے مطالعے سے ہمیں کافی فائدہ پہنچا ہے۔فیکلٹی اراکین، طلبا اور رسرچ اسکالر جس طرح با معنی گفتگو اور مباحثے میں شامل ہوئے اس سے مجھے بے حد خوشی ہے۔

شعبہ کے فیکلٹی اراکین ڈاکٹر سریتا کماری، ڈاکٹر اشفاق ندیم خان، ڈاکٹر موسی علی، ڈاکٹر علی حیدر اور ڈاکٹر زیبا تبسم نے

اجلاس میں سرگرمی کے ساتھ حصہ لیا۔محترمہ پرینکا سینی کی تکنیکی مدد سے اجلاس بہت دلچسپ رہا۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی